11063- مریض کا نظر بد لگانے والے کے متعلق خیال کرنے کا حکم

سوال

مریض پر پڑھنے کی وجہ سے مریض کا نظر لگانے والے کے متعلق خیال کرنا کہاں تک صحیح ہے ؟
اور دم کرنے والے کا جن سے مطالبہ کرنا کہ وہ مریض کو نظر لگانے والے کے خیال دلائے ؟

پسندیدہ جواب

مریض کا پڑھنے کے دوران کے نظر بد لگانے کا خیال کرنا اور قاری کا اسکے متعلق اسے کہنا یہ شیطانی عمل ہے جو کہ جائز نہیں۔ کیونکہ یہ شیطانوں سے استغاثہ اور مدد طلب کرنی ہے اور یہ جن ہی ہے جو کہ مریض کو اسے نظر لگانے والے کی صورت کا خیال دلاتا ہے۔

اور یہ عمل حرام ہے کیونکہ شیطانوں سے استغاثہ اور مدد طلب کرنا ہے۔ اور اس لئے بھی کہ لوگوں کے درمیان عداوت ودشمنی کا تاعث بنتا اور انکے درمیان خوف اور رعب کا سبب ہے تو اللہ تعالی کے اس قول کے تحت داخل ہوتا ہے۔

"اور بات یہ ہے کہ چند انسان بعض جنات سے پناہ طلب کیا کرتے تھے. جس سے جنات اپنی سرکشی میں اور بڑھ گئے" الجن 6

واللہ اعلم۔

اور اللہ تعالی ہی زیادہ علم والا ہے۔.